DANISH HEALTH AUTHORITY



# حاملہ اور دودھ پلانے والی خواتین کو COVID-19 کی حفاظتی ویکسین لگوانے کے بارے میں معلومات

**ویکسین لگوانے سے پہلے اس پمفلٹ کو پڑھئیے**

حاملہ اور دودھ پلانے والی خواتین کو COVID-19 کی حفاظتی ویکسین لگوائی جا سکتی ہیں۔

ویکسین لگوانا مفت اور اختیاری ہے۔

## حاملہ اور دودھ پلانے والی خواتین کو ویکسین لگوانے کی تجویز

ڈینش ہیلتھ اتھارٹی تجویز کرتی ہے کہ حاملہ اور دودھ پلانے والی خواتین کو COVID-19 کی حفاظتی ویکسین لگوائی جائیں۔ ڈینش ہیلتھ اتھارٹی کی تجویز سائنسی مطالعات، ویکسین کی موثر ہونے کی شرح اور ان کے نتیجے میں پیدا ہونے والے ضمنی اثرات کے حوالے سے مرتب شدہ اعداد و شمار اور ماہرین کے مشورے کی روشنی میں ہونے والی پیشہ ورانہ تشخیص پر مبنی ہے۔

حتمی نتیجہ یہ ہے کہ حاملہ یا دودھ پلانے والی خواتین کو COVID-19 کی حفاظتی ویکسین لگوانا محفوظ اور موثر ہے۔

- اگر آپ حاملہ ہیں تو ہم دوسری یا تیسری سہ ماہی میں ویکسین لگوانا تجویز کرتے ہیں۔ عام طور پر حمل کی پہلی سہ ماہی میں احتیاط کے طور پر دوائی استعمال نہ کرنے کی تجویز کی جاتی ہے۔ اس کی وجہ یہ ہے کہ اعضاء ابتدائی 12 ہفتوں کے دوران بنتے ہیں۔

- اگر آپ دودھ پلا رہی ہیں تو آپ کو فوری طور پر ویکسین لگوائی جا سکتی ہے۔ اس کا اطلاق اس بات سے قطع نظر ہوتا ہے کہ آپ کتنے عرصے سے دودھ پلا رہی ہیں یا آپ نے کب بچے کو جنم دیا ہے۔

# حاملہ اور دودھ پلانے والی خواتین کے لئے COVID-19 کی حفاظتی ویکسین لگوانا محفوظ ہے۔

حاملہ اور دودھ پلانے والی خواتین کے لیے COVID-19 کی حفاظتی ویکسین لگوانا موثر اور محفوظ ہے۔ فائزر BioNTech اور Moderna کی ویکسین حاملہ اور دودھ پلانے والی خواتین کو وہی تحفظ فراہم کرتی ہیں جو یہ دوسرے افراد کو فراہم کرتی ہیں۔ حاملہ اور دودھ پلانے والی خواتین کو ویکسین لگوانا بچے پر مثبت اثرات مرتب کرتی ہے کیونکہ ماں کی اینٹی باڈیز خون اور دودھ کے ذریعے بچے کو منتقل ہو جاتی ہیں۔

دوسرے افراد کی طرح حاملہ اور دودھ پلانے والی خواتین بھی ویکسین لگوانے کے بعد ضمنی اثرات کا سامنا کر سکتی ہیں۔ زیادہ تر حالات میں ضمنی اثرات ہلکے ہوتے ہیں۔ یہ ہلکے ضمنی اثرات تھکاوٹ، سر درد اور بخار پر مشتمل ہو سکتے ہیں، اور عام طور پر ایک یا دو دن تک جاری رہ سکتے ہیں۔ غیر معمولی حالات میں الرجک ردعمل واقع ہو سکتا ہے۔

COVID-19 کی حفاظتی ویکسین لگوانے والی خواتین میں اسقاط حمل، ان کے ہونے والے بچوں میں جسمانی اعضاء کی ناقص بناوٹ یا قبل از وقت پیدائش کا کوئی بڑھتا ہوا خطرہ نہیں دیکھا گیا ہے۔ امریکہ میں انہوں نے ویکسین لگوانے والی حاملہ خواتین کی نگرانی کی ہے۔ دفتر اندراجات میں اب تک 100,000 سے زیادہ حاملہ خواتین شامل ہیں۔ یہاں بھی کوئی تشویشناک ضمنی اثرات نہیں دیکھے گئے ہیں۔

اس میں کوئی شک نہیں کہ یہ ویکسین پلیسنٹا (Placenta) کے ذریعے جنین یا ماں کے دودھ کے ذریعے بچے کو منتقل ہوتی ہیں۔

صحت کے حکام مسلسل ان معلومات پر نظر رکھتے ہیں کہ یہ ویکسین کتنی موثر اور محفوظ ہیں اور انہیں اس بات کا کوئی اشارہ نہیں ملا ہے کہ COVID-19 کی حفاظتی ویکسین لگوانا ماں یا بچے میں سے کسی ایک کے لیے اضافی خطرے کا موجب بنتا ہے۔

حاملہ اور دودھ پلانے والی خواتین کو امریکہ اور یورپ کے بیشتر ممالک میں ویکسین لگوانے کی پیشکش کی جاتی ہے۔

# حاملہ اور دودھ پلانے والی خواتین میں COVID-19

یہ وبا کورونا وائرس کی نئی اقسام کے ساتھ جاری ہے۔ لہذا یہ ضروری ہے کہ زیادہ سے زیادہ لوگوں کو ویکسین لگوائی جائیں - خاص طور پر ان افراد کو جو زیادہ خطرے سے دوچار ہیں۔

ناول کورونا وائرس سے متاثر ہونے کی صورت میں حاملہ اور دودھ پلانے والی بیشتر خواتین کو صرف معمولی سی علامات کا سامنا کرنا پڑے گا۔ تاہم COVID-19 کے نتیجے میں بعض حاملہ خواتین زیادہ شدید بیمار ہونے کے خطرے سے دوچار ہو سکتیں ہیں۔

بیرون ممالک کی جانب سے ہونے والے مطالعات سے معلوم ہوا ہے کہ COVID-19 کا شکار ہونے والی حاملہ خواتین میں ہسپتال میں انتہائی نگہداشت یونٹ میں زیر علاج رہنے کا خطرہ تقریباً دوگنا زیادہ ہوتا ہے۔ مطالعات سے یہ بھی پتہ چلتا ہے کہ COVID-19 کی بیماری کا شکار ہونے والی ماؤں میں قبل از وقت جنم دینے یا ہنگامی بنیادوں پر آپریشن کر کے بچے پیدا کرنے کی ضرورت کا خطرہ 2-3 گنا زیادہ ہوتا ہے۔ اگر آپ کو ذیابیطس، دمہ، قلبی امراض جیسے حالات کا بھی سامنا ہے، یا آپ موٹاپے کا شکار ہیں یا آپ کی عمر 35 سال سے زیادہ ہے تو آپ کو COVID-19 سے شدید بیمار ہونے کا خطرہ سب سے زیادہ ہے۔

ایک ہی عمر کی خواتین کی صورت میں، دودھ پلانے والی خواتین میں COVID-19 سے شدید بیمار ہونے کا خطرہ قدرے کم ہوتا ہے۔

## اپائنٹمنٹ لینے کا طریقہ کار

www.vacciner.dk پر اپنی NemID کے ذریعے لاگ ان کر کے ویکسین لگوانے کے لیے اپنی اپائنٹمنٹ لیں۔ اگر آپ کو اپنی اپائنٹمنٹ لینے یا اس میں کوئی ردو بدل کرنے کے لیے مدد کی ضرورت ہو، تو آپ کا ریجن آپ کی مدد کر سکتا ہے۔ ویکسین کے نتیجے میں مکمل تحفظ حاصل کرنے کے لئے آپ کو دو مرتبہ ویکسین لگوانا ضروری ہے۔

## مزید معلومات اور مشورہ کے لئے

براہ کرم ڈینش ہیلتھ اتھارٹی کی ویب سائٹ پر COVID-19 کی حفاظتی ویکسین لگوانے کے بارے میں مزید معلومات حاصل کریں۔ اگر آپ حاملہ ہیں تو آپ اپنی اگلی ملاقات پر اپنی دائی سے مشورہ حاصل کر سکتی ہیں۔ اگر آپ دودھ پلا رہی ہیں تو آپ اپنے ہیلتھ وزٹر سے مشورہ حاصل کر سکتی ہیں۔

ڈینش ہیلتھ اتھارٹی کی ویب سائٹ

## میں ویکسین نہیں لگوانا چاہتی

اگر آپ حاملہ یا دودھ پلانے والی ہیں اور ویکسین نہیں لگوانا چاہتیں تو یہ ضروری ہے کہ آپ انفیکشن کی روک تھام کے بارے میں ڈینش ہیلتھ اتھارٹی کی ہدایات پر عمل کریں۔ اس کے بعد آپ اپنی اور اپنے بچے دونوں کی حفاظت کرسکتی ہیں۔

آپ کے پاس بعد میں ویکسین لگوانے کا اختیار پھر بھی موجود رہے گا۔

## انفیکشن کی روک تھام کے لیے ہدایات پر عمل کرتے رہیں - خاص طور پر جب آپ نے ویکسین نا لگوائی ہوں۔

- علامات ظاہر ہونے کی صورت میں گھر پر رہیں اور اپنا ٹیسٹ کرائیں
- آپس میں فاصلہ رکھیں
- کھڑکیاں اور دروازے کھولیں اور اپنے گھر میں باقاعدگی سے ہوا لگوائیں۔
- اپنے ہاتھوں کو بار بار دھوئیں یا ہینڈ سینیٹائزر کا استعمال کریں
- اپنے گھر کی بار بار صفائی کریں، خاص طور پر ان سطحوں کو جنہیں بہت سے لوگ چھوتے ہیں